# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

**مورخہ 22-10-2022**

**عنوان:** **انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ سیکنڈ سالانہ(Second Annual) امتحانات 2022ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔**

مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر 355-SY/PBCC/LHR نمبر **278 میٹنگ** مورخہ 21-10-2022 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ سیکنڈ سالانہ(Second Annual) امتحانات 2022ء کا انعقاد **مورخہ 01۔دسمبر 2022ء بروز جمعرات** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیوٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

| نمبرشمار | شیڈول | ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کیلئے |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس کے | 21-10-2022 تا 02-11-2022 |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ | 03-11-2022 تا 07-11-2022 |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ | 08-11-2022 تا 10-11-2022 |

**الف۔** **داخلہ فیس،پروسیسنگ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس کی شرح**

| تفصیل | سنگل پارٹ (ریگولر) | سنگل پارٹ (پرائیویٹ) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (ریگولر) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (پرائیویٹ) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو | 800 | 900 | 1600 | 1800 |
| آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو | 750 | 800 | 1500 | 1600 |
| پروسیسنگ فیس (گورنمنٹ اداہ جات) | 400 | ---- | 400 | ---- |
| پروسیسنگ فیس (پرائیویٹ اداہ جات/پرائیویٹ امیدواران) | 530 | 530 | 530 | 530 |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | 550 | 550 | ---- | 550 |

Result.pk

**ب۔** **علوم السنہ شرقیہ**

| داخلہ فیس | انرولمنٹ/رجسٹریشن فیس | پروسیسنگ فیس | سرٹیفکیٹ فیس |
|---|---|---|---|
| -/900روپے | -/1000روپے | -/530روپے | -/550روپے |

**{1}** **ضروری تاکید/ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات/پرائیویٹ امیدواران۔**

(i) **تمام ریگولر/پرائیویٹ امیدواران جو صرف پارٹ فرسٹ یا پارٹ فرسٹ و سیکنڈ (مشترکہ) کا امتحان پہلی دفعہ دے رہے ہیں وہ اپنا داخلہ فارم آن لائن کروانے سے قبل داخلہ فیس کے ساتھ سند فیس مبلغ -/550 روپے بھی بورڈ کے منظور شدہ بینک میں جمع کروائیں گے۔**

(ii) **ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کروا چکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔**

(iii) **تین گناہ فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 یا -/100 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈ کوارٹر ہوگا۔**

(iv) **ریگولر اور الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ کی طرف سے جاری شدہ اکاؤنٹ میں Login ہو کر اپنے امیدواران کا داخلہ فارم Submit کریں گے۔**

(v) **کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ «سائنس / آرٹس» کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔**

(جاری ہے)

22/X/22

## ﴿2﴾ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔

(i) بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ رالحاق شدہ کالج رہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کرا کر مع اصل فیس چالان مقررہ شیڈول کے اندر اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات) ،بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،بہاول پور کو ارسال کریں گے۔

(iii) شیڈول رامتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سیکریٹری

**کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی ۔**

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز رہائیر سیکنڈری سکولز رکامرس کالجز)، واقع حدود تعلیمی بورڈ بہاول پور۔

(2) ڈائریکٹر تعلیم (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان ۔

(4) جملہ افسران ربرانچ انچارجز رPRO بورڈ ہذا۔

(5) مینجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تا کہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس ودیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ) رنوٹیفکیشن فائل۔

22/x/22

پی اے/انچارج میٹنگ

Result.pk